پریس ریلیز

جنرل ہسپتال لیب میں بوائلر پھٹنے سے 2 سٹوڈنٹس زخمی، انکوائری کمیٹی تشکیل

پرنسپل پی جی ایم آئی نے 5 رکنی اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے دی

کمیٹی کے ارکان میں پروفیسر محمد شاہد، پروفیسر اجمل فاروق، پروفیسر سیما مظہر، پرنسپل نرسنگ کالج مسز میمونہ ستار، ڈی ایم ایس ڈاکٹر جاوید ممتاز شامل

تحقیقاتی کمیٹی کے ارکان کو 2 یوم میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

پرنسپل کا ایم ایس پروفیسر ندرت سہیل کو زخمیوں کے علاج معالجے پر خصوصی توجہ اور ان کے کے اہل خانہ سے رابطے میں رہنے کی ہدایت

لاہور 23 جنوری ...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے جنرل ہسپتال کی لیب میں بوائلر پھٹنے سے 2 سٹوڈنٹس کے زخمی ہونے کے واقع پر اظہار افسوس کیا اور اس معاملے کی چھان بین کیلئے 5 رکنی اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی کے ارکان میں پروفیسر محمد شاہد، پروفیسر اجمل فاروق، پروفیسر سیما مظہر، پرنسپل نرسنگ کالج مسز میمونہ ستار، ڈی ایم ایس ڈاکٹر جاوید ممتاز شامل ہیں۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے کمیٹی کے ارکان کو ہدایت کی کہ وہ اس واقع کی مکمل چھان بین کر کے 2 یوم میں رپورٹ پیش کریں اور اس بات کا تعین کیا جائے کہ یہ واقع کیسے رونما ہوا۔ پرنسپل پی جی ایم آئی کا کہنا تھا کہ تحقیقاتی کمیٹی میں اگر کسی عملے کی غفلت ثابت ہوئی تو اس کے خلاف بلا لحاظ عہدہ قانون کے مطابق ایکشن ہوگا۔

پروفیسر الفرید ظفر نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر ندرت سہیل، ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ مس شازیہ کوثر اور ڈاکٹر لیلیٰ شفیق کو بھی ہدایت کی کہ وہ زخمی سٹوڈنٹس کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دیں اور ان کے اہل خانہ سے بھی مکمل رابطے میں رہیں۔

☆☆☆☆